بچوں کے لیے تعلیم (یونان کا مرکزی حصہ)

مہاجرین کے کچھ بچوں کیلئے تعلیمی پروگرام ستمبر میں شروع کیا گیا۔ تعلیم کے حصول میں وزارتِ یونیسیف اوریو-این-ایچ-سی-آرپورے یونان کے مرکزی حصے میں مہاجرین بچوں کے معاون ہیں اور رہیں گے۔ یونیسیف ، یو-این-ایچ-سی-آراور دیگر این-جی-اوز کے اشتراک سے بچوں کا قریبی اسکولوں میں بسوں کے ذریعے آنے جانے کا بندوبست کیا گیا ہے جبکہ کچھ بچوں کو کیمپ کے اندر مخصوص کلاسوں میں پڑھایا جاتا ہے۔ یونان حکومت کا ان 8500 بچوں کو تعلیم دلوانے کا منصوبہ ہے جو کہ اسکول جانے سے محروم ہو چکے ہیں۔

نئی معلومات: جو مہاجرین بچے 20 مارچ، 2016 کے بعد یونان پہنچے ہیں اور ابھی تک یعنی 16 ستمبر، 2016 تک یونان کے جزائرمیں تعلیم کے متعلق فیصلے کے منتظر ہیں اور ابھی تک ان کے متعلق کوئی بھی فیصلہ نہیں کیا گیا ہے ، اس سلسلے میں وزارت کے سامنے جلد ہی اس سے متعلق سوالات اٹھائے جائیں گے اوراس سے متعلق معلومات جلد ہی اخبارات کو فراہم کر دی جائے گی۔

یہ دو نکاتی نظام ہو گا۔ جس میں ایک نظام چار سے سات اور دوسرا سات سے سترہ سال کے بچوں کے لیے ہوگا۔

- چار سے سات سال کی عمر کے بچوں کو کنڈر گارڈن میں داخل کیا جائے گا جو کیمپوں کے اندر کنٹینروں میں بنائے جائیں گے۔

- نرسری کلاسیں اکتوبر 2016، میں شروع کیے جانے کا امکان ہے۔

- یونان کے مرکزی حصے کے بندوبستی علاقوں کے قریب اسکولوں کو تلاش کر کے ان میں چھوٹے بچوں کو پڑھایا جائے گا۔

- ایلمینٹری، مڈل اور ہائی اسکولوں کی ہرکلاس بیس بیس طالبعلموں پر مشتمل ہو گی۔

- کنڈر گارڈن کے بچوں کےعلاوہ ،اسکولوں کے لیے آمدو رفت صرف ان مہاجرین بچوں کو دی جائے گی جو کہ سرکاری کیمپوں کے اندر رہتے ہیں۔

- ابھی تک غیر سرکاری کیمپوں کے بچوں کے لیے اسکولوں کی آمدو رفت کا کوئی بندوبست نہیں کیا گیا ہے۔

مہاجرین بچوں کو کلاسوں میں مندرجہ ذیل مضامین پڑھائے جائیں گے:

یونانی کی قومی زبان کی کلاسیں

ریاضی کی کلاسیں

آرٹ و کرافٹ (کاریگری) کی کلاسیں

ایک اورغیر ملکی زبان کی کلاسوں پر مشتمل ہوگا (جس کا بعد میں تعین کیا جائے گا)

جولوگ شہر یعنی بندوبستی علاقوں میں رہتے ہیں۔ ہم نے ان کی رہنمائی کے لیے ایک طریقہ کار واضح کیا ہے جس کے ذریعے ہر کوئی اپنے بچے کو خود اسکول میں داخل کروا سکے گا۔ یہ منصوبہ ہر ایک پر لاگو ہوگا۔ یہ ترجمعے کے مراحل سے گزر رہا ہے اور جلد ہی ہماری ویب سائٹ پردستیاب ہو گا۔

بچوں کے والدین کی یونان کے ضلعی اسکولوں میں داخلوں کے لیے رہنمائی:

۔ اگر آپ کے بچے (لڑکا/ لڑکی) کی عمر چھ سے پندرہ سال کے درمیان ہے تو وہ قانونی طور پر یونان کے پرائیویٹ اسکولوں میں پڑھنے کے حقدار ہیں۔

۔ ان بچوں کے والدین یا سرپرست کی قانونی حیثیت سے کوئی سروکار نہیں ہو گااور ایسے بچوں کی رہائش اور علاقے سے بھی کوئی تعلق نہیں ہوگا۔

۔ یونان میں چھ سے پندرہ سال کی عمر کے بچوں کا تعلیم حاصل کرنا لازمی قرار دیا گیا ہےاور قانون کے مطابق وہ این-جی-اوز یا افراد جو کیمپ کے اندر تعلیمی پروگرام چلارہے ہیں وہ اس کا نعم البدل نہیں ہو سکتے۔

۔ اگرچہ یونان میں تمام بچے پرائیویٹ اسکولوں میں پڑھنے کے مجاز ہیں لیکن پھر بھی حکومت آپ کے لیے مشکلات پیدا کرتی ہے۔ تاکہ آپ آسانی سے بچوں کو اسکولوں میں داخل نہ کرا سکیں اور آپ کو صیح معلومات دینے میں بھی تعاون نہیں کریں گے۔ جس کے لیے آپ کو کسی انگلش یا یونانی زبان بولنے والے کی مدد لینی پڑے گی۔ جس کے لیے ہم پہلے ہی سے آپ کو کچھ ضروری ہدایات دے رہے ہیں:

۔ اپنےعلاقے میں قریب ترین اسکول کی نشاندہی کیجیے:

آپ کے بچے کی رہائش کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ڈسٹرکٹ یعنی ضلع آپکو ایک مقامی اسکول تفویض کرے گا۔ آپ کو خود بھی اپنے بچے کے لیے رہائش کے قریب ترین اسکول کے متعلق معلومات ہونی چاہیے۔ جس کے لیے آپ کو "امونیا" میں واقع مرکزی دفتر سے رابطہ کرنا چاہیے۔ اس دفتر کے ٹیلیفون نمبرات مندرجہ ذیل ہیں:

2105224638 یا 2105243286

اس دفتر میں انگریزی زبان بولنے والے بھی موجود ہوتے ہیں۔ آپ کے بچے کو پرائیویٹ تعلیم سے نہیں روکا جا سکتا چاہے وہ کیمپ میں رہائش پذیر ہے یا کیمپ سے باہر۔

. اس بات کا تعین کرے کہ آپ کے مقامی یا کسی دوسرے اسکول میں ہدایات یونانی زبان میں پیش کی جا رہی ہیں:

اگر آپ کا بچہ یونانی نہیں سمجھ سکتا تو آپ کو معلوم ہونا چاہیے کہ آیا اس مقامی اسکول میں یونانی میں ہدایات دی جا رہی ہیں۔ اگر ہاں تو "ایتھنز" میں کئی ایسے اسکول موجود ہیں کہ جوکہ ہدایاتانگریزی میں دیتے ہیں۔ جیسا کہ اسکول نمبر پچاس (50) ، جو کہ مغربی وکٹوریہ چوک کے ریلوے اسٹیشن کے قریب واقع ہے۔

. بچے کے داخلے کے لیے مطلوبہ دستاویزات/ کاغذات:

بچے کے اسکول میں داخلے کے لیے اسکول کی انتظامیہ کو کچھ دستاویزات مطلوب ہوں گے۔ اگرچہ یہ دستاویزات اس مقامی اسکول کی صوابدید پرہوتے ہیں۔ لیکن پھر بھی وہ آپ کی حوصلہ شکنی کریں گے۔ لیکن آپ کو پہلے سے تمام کاغذات تیار رکھنے چاہیے۔

. بچے کی شناخت کے کاغذات

. بچے کے والدین یا سرپرست کی شناخت کے کاغذات

. بجلی، گیس یا پانی کا بل یا گھر کا کرایہ نامے کا بل جو والدین/ سرپرست کے نام و پتہ کو ظاہر کرے۔

. بچے کے ٹیکوں کا ریکارڈ

. بچے کے طبی معائنے کا فارم جو کہ ایک ڈاکٹر دستخط کر کے بچے کی صحت کی رپورٹ فراہم کرے گا۔ (یہ فارم کسی بھی پرائیویٹ ہسپتال، میڈیسن سینس فرنٹئیر یا پراکسیس سے مفت حاصل کر سکتے ہیں)۔

. اگر بچہ پہلے کسی اسکول میں پڑھ چکا ہے تو اس کا ریکارڈ مثال کے طور پر رپورٹ کارڈ یا داخلہ فارم۔ تاہم آپ کے بچے کو ان کاغذات کے بغیر بھی کسی اسکول میں داخلے سے نہیں روکا جا سکتا ہے۔ تاہم اگر کوئی اسکول آپ کے بچے کو اس بنیاد پر داخلہ نہیں دے رہا توبھر آپ کواس کے لیے مرکزی دفتر میں اپیل کرنا چاہیے۔

. معذور بچوں کے لیے:

وہ معذور بچے جن کی عمریں چھ سے پندرہ سال کے درمیان ہیں وہ کسی بھی پرائیویٹ اسکول یا معذوروں کے اسکول میں داخلہ لینے کے اہل ہیں۔

معذوری: وہ بچہ جو کسی ذہنی، جسمانی یا احساسی کمزوری جیسے مرض میں مبتلا ہے۔ حالانکہ یونانی نظامِ تعلیم مذور بچوں کی تعلیم پر خصوصی توجہ دے رہی ہے لیکن آپ کو اپنے بچے کے لیے اچھی رہائش اور سہولیات کے متعلق معلومات ہونی چاہیےاور جس اسکول کی سہولیات اچھی اور مناسب ہوں، وہاں پر اپنے بچے کو داخل کرانا چاہیے۔ یونان میں ایسے بہت سے مخصوص اسکول ہیں جو کہ معذور بچوں کو خصوصی مہارت سکھاتے ہیں۔

www.european-agency.org/country-information/greece/national-overview/legal-system